اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات

www.Facebook.com/GratisCareerAssistance

1. بدزبانی سے بچو (3:159)
2. غصے کو پی جاؤ (3:134)
3. دوسروں کے ساتھ بھلائی کرو (4:36)
4. تکبر سے بچو (7:13)
5. دوسروں کی غلطیاں معاف کرو (7:199)
6. لوگوں سے نرمی سے بات کرو (20:44)
7. اپنی آواز پست رکھو (31:19)
8. دوسروں کا مذاق نہ اڑاؤ (49:11)
9. والدین کا احترام اور ان کی فرمانبرداری کرو (17:23)
10. والدین کی بے ادبی سے بچو اور اُن کے سامنے اُف تک نہ کہو (17:23)

*اللّٰہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات

11. اجازت کے بغیر کسی کی خلوت گاہ (پرائیویٹ کمرہ) میں داخل نہ ہو (24:58)
12. آپس میں قرض کے معاملات تحریر کر لیا کرو (2:282)
13. کسی کی اندھی تقلید مت کرو (2:170)
14. اگر کوئی تنگی میں ہے تو اسے قرضہ اتارنے میں مہلت دو (2:280)
15. سود مت کھاؤ (2:275)
16. رشوت مت اختیار کرو (2:188)
17. وعدوں کو پورا کرو (2:177)
18. آپس میں اعتماد قائم رکھو (2:283)
19. سچ اور جھوٹ کو آپس میں خلط ملط نہ کرو (2:42)
20. لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرو (4:58)

***اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات**

www.Facebook.com/GratisCareerAssistance

21. عدل و انصاف پر مضبوطی سے جم جاؤ (4:135)
22. مرنے کے بعد ہر شخص کی دولت اس کے قریبی عزیزوں میں تقسیم کر دو (4:7)
23. عورتوں کا بھی وراثت میں حق ہے (4:7)
24. یتیموں کا مال ناحق مت کھاؤ (4:10)
25. یتیموں کا خیال رکھو (2:220)
26. ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے مت کھاؤ (4:29)
27. کسی جھگڑے کی صورت میں لوگوں کے درمیان صلح کراؤ (49:9)
28. بدگمانیوں سے بچو (49:12)
29. گواہی کو مت چھپاؤ (2:283)
30. ایک دوسرے کے بھید نہ ٹٹولا کرو اور کسی کی غیبت مت کرو (49:12)

<u>*اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات</u>

31. اپنے مال میں سے خیرات کرو (57:7)
32. مسکین غریبوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دو (107:3)
33. ضرورتمندوں کو تلاش کر کے اُن کی مدد کرو (2:273)
34. کنجوسی اور فضول خرچی سے اجتناب کرو (17:29)
35. اپنی خیرات لوگوں کو دکھا نے کے لیئے اور احسان جتا کر ضائع مت کرو (2:264)
36. مہمانوں کا احترام کرو (51:26)
37. بھلائی پر خود عمل کرنے کے بعد دوسروں کو اس کی ترغیب دو (2:44)
38. زمین پر فساد مت کرو (2:60)
39. لوگوں کو مسجدوں میں اللہ کے ذکر سے مت روکو (2:114)
40. صرف اُن سےلڑوجوتم سے لڑیں (2:190)

***اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات**

www.Facebook.com/GratisCareerAssistance

41. جنگ کے آداب کا خیال رکھو (2:191)
42. جنگ کے دوران پُشت مت پھیرنا (8:15)
43. د ین میں کوئی زبردستی نہیں (2:256)
44. تمام پیغمبروں پر ایمان لاؤ (2:285)
45. حالتِ حیض میں عورتوں سے جماع نہ کرو (2:222)
46. مائیں بچوں کو دو سال تک دودھ پلائیں (2:233)
47. خبردار زنا کے قریب کسی صورت میں نہیں جانا (17:32)
48. حکمرانوں کو اہلیت کی بنیاد پر منتخب کرو (2:247)
49. کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ مت ڈالو (2:286)
50. آپس میں تفرقہ مت ڈالو (3:103)

<u>*اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات</u>

51. کائنات کی تخلیق اور عجائبات پر گہری غوروفکر کرو (3:191)
52. مرد اور عورت کو اعمال کا صلہ برابر ملے گا (3:195)
53. خون کے رشتوں میں شادی مت کرو (4:23)
54. مرد خاندان کا حکمران ہے (4:34)
55. بخیلی و کنجوسی مت کرو (4:37)
56. حسد مت کرو (4:54)
57. ایک دوسرے کا قتل مت کرو (4:92)
58. خیانت کرنے والوں کے حمایتی مت بنو (4:105)
59. گناہ اور ظلم وزیادتی میں تعاون مت کرو (5:2)
60. نیکی اور بھلائی میں تعاون کرو (5:2)

***اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات**

www.Facebook.com/GratisCareerAssistance

61. اکثریت میں ہونا سچائی کا جواز نہیں (6:116)
62. عدل و انصاف پر قائم رہو (5:8)
63. جرائم کی سزا مثالی طور پر دو (5:38)
64. گناہ اور بد اعمالیوں کے خلاف بھرپور جدوجہد کرو (5:63)
65. مردہ جانور, خون, سور کا گوشت ممنوع ہیں (5:3)
66. شراب اور منشیات سے بچو (5:90)
67. جوا مت کھیلو (5:90)
68. دوسروں کے معبودوں کو بُرا مت کہو (6:108)
69. لوگوں کو دھوکہ دینے کی خاطر ناپ تول میں کمی مت کرو (6:152)
70. خوب کھاؤ پیو مگر حد سے تجاوز نہ کرو (7:31)

***اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات**

71. مسجدوں میں عبادت کے وقت اچھے کپڑے پہنو (7:31)

72. جو تم سے مدد اور حفاظت و پناہ کا طلبگار ہو اسکی مدد اور حفاظت کرو (9:6)

73. پاکیزگی اختیار کرو (9:108)

74. اللہ کی رحمت سے کبھی نا اُمید مت ہونا (12:87)

75. لاعلمی اور جہالت کی وجہ سے کیے گئے بُرے کام و گناہ اللہ معاف فرما دے گا (16:119)

76. لوگوں کو اللہ کی طرف حکمت اور بہترین نصیحت کے ساتھ بلاؤ (16:125)

77. کوئی کسی دوسرے کے گناہوں کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا (17:15)

78. مفلسی و غربت کے خوف سے اولاد کا قتل مت کرو (17:31)

79. جس بات کا علم نہ ہو اُس کے پیچھے مت پڑو. (17:36)

80. بے بنیاد اور لغو کاموں سے پرہیز کرو (23:3)

***اللّٰہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات**

81. دوسروں کے گھروں میں بلا اجازت مت داخل ہو (24:27)
82. جو اللّٰہ پر یقین رکھتے ہیں, اللّٰہ اُن کی حفاظت فرمائے گا (24:55)
83. زمین پر عاجزی و انکساری سے چلو (25:63)
84. اپنی دنیاوی زندگی کو نظرانداز مت کرو (28:77)
85. اللّٰہ کے ساتھ کسی اور معبود کو مت پکارو (28:88)
86. ہم جنس پرستی سے اجتناب کرو (29:29)
87. اچھے کاموں کی نصیحت اور برے کاموں کی ممانعت کرو (31:17)
88. زمین پر شیخی اور تکبر سے اِترا کر مت چلو (31:18)
89. عورتیں اپنے بناؤسنگھار کی نمائش مت کریں (33:33)
90. اللّٰہ تمام گناہ معاف کردے گا سوائے شرک (39:53)

91. اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہو (39:53)
92. برائی کو بھلائی سے دفع کرو (41:34)
93. مشورے سے اپنے کام سرانجام دو (42:38)
94. تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جس نے سچائی و بھلائی کو اختیار کیا ہو (49:13)
95. دین میں رہبانیت کا کوئی وجود نہیں (57:27)
96. اللہ کے ہاں علم والے کے درجات بلند ہیں (58:11)
97. غیرمسلموں کے ساتھ منصفانہ سلوک و احسان اور اچھا برتاؤ کرو (60:8)
98. اپنے آپ کو نفس کی حرص سے پاک رکھو (64:16)
99. اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو, وہ معاف کرنے اور رحم کرنے والا ہے (73:20)

<u>*اللہ تعالیٰ کی قرآنِ پاک میں انسانیت کو 100 کے قریب براہِ راست ہدایات</u>

www.Facebook.com/GratisCareerAssistance